# انٹر میڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ، راولپنڈی

حوالہ نمبر : OIA / 1595 / 2025　　　　مورخہ : 05 / 12 / 2025

## نوٹیفکیشن

ریگولر طلباء/ طالبات

منجانب: سیکرٹری

گورنمنٹ/ الحاق شدہ جملہ کالجز/ ہائیر سیکنڈری سکولز،

اٹک، چکوال، تلہ گنگ، جہلم، مری، راولپنڈی۔

**عنوان: میٹرک سیکنڈ سالانہ امتحان 2025ء کے رزلٹ کی بنیاد پر تعلیمی ادارہ جات میں طلباء و طالبات کے گیارہویں جماعت میں ریگولر داخلے وانرولمنٹ کرنے کا شیڈول برائے سیشن 2025-2027ء**

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین کی طرف سے جاری کردہ لیٹر نمبری SO(Boards)Meetings/PBCC/2025 مورخہ 05-12-2025 کے مطابق بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، راولپنڈی بورڈ کی طرف سے میٹرک سیکنڈ سالانہ امتحان 2025ء میں پاس طلباء و طالبات کے بورڈ سے الحاق شدہ سرکاری اور پرائیویٹ تعلیمی ادارہ جات میں بطور ریگولر گیارہویں جماعت میں داخلہ وانرولمنٹ برائے سیشن 27-2025ء کا شیڈول جاری کیا جارہا ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔
ایسے اُمیدواران کیلئے ٹوٹل رجسٹریشن فیس مبلغ -/2950 روپے ہے۔

| نمبر شمار | شیڈول | اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس جمع کروانے کا آن لائن/ کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع کروانے کی حتمی تاریخیں۔ |
|---|---|---|
| .1 | رجسٹریشن / داخلہ برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) بغیر لیٹ فیس | 01 دسمبر 2025ء تا 12 دسمبر 2025ء |
| .2 | رجسٹریشن اور داخلہ برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) مبلغ 600 روپے لیٹ فیس فی طالب علم/ طالبہ کے ساتھ بورڈ کو واجب الادا ہوگی۔ | 13 دسمبر 2025ء تا 22 دسمبر 2025ء |
| .3 | اداروں میں درج بالا تاریخوں میں داخل کئے گئے طلباء طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ -/200 روپے کے ساتھ جمع کروانے کا معاملہ۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن جمع نہ کروانے کی صورت میں مبلغ -/200 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ جمع کروانا ہوگا۔ | ایسے طلباء و طالبات جن کا داخلہ اداروں میں مقرر کردہ درج بالا داخلہ شیڈول میں ہوا مگر رجسٹریشن ریٹرن آن لائن نہ ہوسکی نہ ہی BATCH بن سکے نہ ہی دفتر ہذا میں رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع ہوئی تو ان اُمیدواران کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس کے علاوہ جرمانہ فی طالب علم/ طالبہ یومیہ مبلغ -/200 روپے کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ ٹرپل فیس تک لی جائے گی۔ |

## ہدایات

درج بالا تاریخوں کے بعد کسی بھی ادارے کو رجسٹریشن ریٹرن/ داخلہ کی اجازت نہیں ہوگی۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس دونوں ہی درج بالا شیڈول ٹائم میں بمطابق شق نمبر (i) اور (ii) دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہے۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی دفتر ہذا میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شق نمبر (iii) کے تحت فیس و جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن سے متعلقہ ضروری رہنمائی بورڈ کی ویب سائٹ (www.biserawalpindi.edu.pk) پر بھی دستیاب ہے۔ مینوئل (MANUAL) رجسٹریشن ریٹرن ہرگز وصول نہیں کی جائے گی۔ گیارہوں جماعت (Class-XI) کی رجسٹریشن ریٹرن آن لائن کرتے وقت طالب علم/ طالبہ کے کوائف میٹرک کی سند /رزلٹ کارڈ/ O-Level ایکویلینس سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) کی مصدقہ کاپی رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ لازمی منسلک کریں عدم دستیابی کی صورت میں رجسٹریشن نمبر جاری نہیں کیا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ ادارے پر ہوگی دفتر ہذا اداروں میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی طالب علم/ طالبہ کا اصل داخل خارج رجسٹر (Admission & withdral Register) ضرورت پڑنے پر ملاحظہ کیلئے منگوایا جاسکتا ہے۔

امجد اقبال
سیکرٹری

CamScanner